Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ صفر ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۵ اگست ۱۹۲۷ء	نمبر ۳۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	رخصت تحصیلدار صاحب شوار۔	۱و۲
۲	تشخیص فنا خدمات آمدہ اجلاس ایجنٹ بہادر	۲
۳	تنسیخ خدمت اشتیاق حسین بی اے۔	″
۴	انتظام سالانہ تحقیقات اسکول	[illegible]
۵	انتقال ... حسن خان صاحب مرحوم۔	۳
۶	... روشنی برق۔	۳و۴
۷	... خان صاحب سعادت ...	۴
۸	... ہیڈ کانسٹیبل تھانہ ...	″
۹	نقشہ بارش ... اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۹ جولائی ۱۹۲۷ء

سید آل حسن تحصیلدار کی دس روز کی رخصت منظور کیجاتی ہے۔ کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ کیمپ بیرون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب الحکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم حکم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایام رخصت

نائب تحصیلدار معمولی و ضروری کام انجام دیں۔ تحصیلدار صاحب ختم رخصت پر
جائے تعیناتی پر بلا توقف آجائیں۔ تاکہ سرکاری کام کا حرج نہو۔ اور یہ بھی
تحصیلدار کو لکھا جائے کہ نئے جو بابت مالگذاری و وصول کی بابت تحصیلدار کو دیا ہی غالباً
انکا انتظام تحصیلدار صاحب نے کر دیا ہوگا۔ ۱۳ راگست ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۳۰ رجولائی ۱۹۲۶ء

بعض اوقات عدالتہائے انگریزی سے سمن وغیرہ بنا بر تعمیل عدالتہائے ریاست
یا پولیس کو ذریعہ ڈاک براہ راست آتے ہیں۔ ایسے کاغذات بعد تعمیل بتوسط
اجلاس صاحب ایجنٹ بہادر عدالت متعلق کو واپس بھیجے جاتے ہیں مگر بعض
اہلکاران ریاست لفافہ بغیر وصول کئے اس عذر کے ساتھ ڈاک خانہ کو واپس
کر دیتے ہیں کہ بتوسط محکمہ عالیہ دار الانشا آنا چاہئے۔ یہ کارروائی خلاف قاعدہ
اور ضابطہ دیوانی کی دفعہ ۲۹ کے منشا کے خلاف ہے۔ آیندہ بہر صورت
ڈاک خانہ سے لفافے لینا چاہئے اور کاغذات بغرض صدور حکم محکمہ دار الانشا
میں مع رقم طلبانہ حسب ضرورت آمد قدیم حسب ضابطہ پیش ہو جایا کریں مگر رقم زائد
سررشتہ وصول کنندہ میں امانت رکھی جائے۔

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم اگست ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ احکام تعمیل رخصت حسب ضابطہ جاری ہوں۔ کاغذات
برائے کارروائی واپس ہوں۔ کیمپ ڈیرہ دون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میر ساند

جناب عالی

ماسٹر سید اشفاق حسین بی اے ٹیچر ہائی اسکول نے ایک سال کی رخصت بوضع تنخواہ
یوم استفادہ سے ٹریننگ کالج کی تعلیم کے لئے حاصل کی تھی چونکہ انکا داخلہ کالج میں
نہ ہو سکا۔ لہذا منسوخی رخصت کی استدعا کرتے ہیں۔ ابھی رخصت سے استفادہ
نہیں کیا تھا۔ لہذا عرضداشت پیش ہے بسید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہو۔

دولت اقبال جاوید باد

بذریعہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر معروضہ ۳۰ جولائی ۱۹۲۶ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم اگست ۱۹۲۶ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ بموجب نوٹ منسلکہ حسب تجویز کمیٹی سکریٹری ہائی اسکول
انٹرنس کا ماسٹر درجہ اول و دوم خارج کر دیے جائیں۔ اور ان کا ماسٹر کے
تین ماسٹر مرزا یوسف مہدی۔ بے جے رام۔ یعقوب شاہ خان تخفیف کئے جائیں
بوجہ دیرینہ ملازمت پرورش مرزا یوسف مہدی کے سو روپیہ ماہوار و بیجہ لڑکے
آٹھ روپیہ ماہوار بجٹ ہائی اسکول سررشتہ تعلیم سے بلا خدمت مقرر کئے جائیں کل چاران ٹرینڈ
انٹرنس ماسٹر تخفیفاً برخاست ہونگے جنمیں مرزا یوسف مہدی بے جے رام یعقوب شاہ خان
شامل ہیں انکی بجائے چار ٹرینڈ انٹرنس پاس رکھے جائیں ابتدائی تنخواہ چالیس روپیہ
ماہوار پانچ روپیہ سال ترقی۔ انتہائی تنخواہ ساٹھ روپیہ۔

۲۔ چاران ٹرینڈ گریجویٹ تخفیفاً برخاست ہو کر چار ٹرینڈ گریجویٹ رکھے جائیں
جنکی ابتدائی تنخواہ ایک سو روپیہ ماہوار دس روپیہ سالانہ ترقی انتہائی تنخواہ [illegible]
اسوقت جو تعداد طلبا کی ہے اس سے زائد داخلہ نہ کیا جائے لیکن اگر استادوں کی
موجودہ تعداد کے اعتبار سے ایزادی طلبا کی گنجائش ہو تو اسقدر داخلہ کیا جائے
بجٹ سال رواں [illegible] ہزار کا تجویز ہوا ہے اسی کے اندر یہ اسکیم منظور کیجاتی ہے
جملہ کاغذات بغرض کارروائی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں
کیمپ ڈیرہ دون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ
کیجائے۔ ۳ راگست ۱۹۲۶ء۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۱۲ اگست ۱۹۲۶ء

محمد ہادی حسن خان بہادر سکریٹری اخبار کے انتقال سے ابدولت و اقبال ازحد متاسف ہین۔ مرحوم نے نہایت قابل قدر خدمت ریاست بزرگی تقریباً چالیس سال ادا کی۔ انکی دیانت داری اور وفا شعاری نے ابدولت و اقبال کے دل پر دیرپا اثر پیدا کر دیا ہے۔

۲- محمد ہادی حسن خان مرحوم کے سپرد صیغہ اخبار۔ جواہر خانہ۔ توشہ خانہ اور عطر خانہ تھے صیغہ اخبار صیغہ تعمیرات مین شامل کیا جاتا ہے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اسکے نگران رہین گے۔ جواہر خانہ۔ توشہ خانہ اور عطر خانہ کے افسر بالادست حافظ احمد علیخان مقرر کئے جاتے ہین اور پچاس روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ انکی نگرانی مین ڈیوڑھی یات اور کتب خانہ بھی رہینگے ان کے عہدہ کا نام (سردار ڈیوڑھی) تجویز کیا جاتا ہے۔ سردار صاحب ڈیوڑھی کا تعلق براہ راست ابدولت و اقبال سے رہیگا۔

۳- کپتان واجد علی خان باضافہ پچاس روپیہ ماہوار کنٹرولر ہاؤس ہولڈ مقرر ہوے۔ اور ان کی جگہ منشی صادق علی خان ہمشیرہ زادہ حافظ [illegible] بمشاہرہ ایکسو روپیہ ماہوار اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ کا کام کرینگے

۴- حافظ اسد علی خان تحصیلدار اپنے سابقہ عہدہ افسر [illegible] واپس کئے جاتے ہین۔ اور منشی محمد حسن خان خلف محمد ہادی حسن خان مرحوم بمشاہرہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار تحصیلدار حضور تحصیل مقرر کئے گئے

۵- منشی حمایت احمد خان (داماد محمد ہادی حسن خان مرحوم) اپنے اجلاس سررشتہ صدر مین کام سیکین گے۔ اور انکو چالیس روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل اس روبکار کی نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس مین بھیجدیجائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقعہ یکم اگست ۱۹۲۶ء

رپورٹ منظور ہے۔ جن صیغہ جات سرکاری سے مطالبہ روشنی برقی نقد داخل خزانہ کرکے ادا کیا جائے۔ یا بذریعہ مجرائی بل ادا کرایا جائے انکی اطلاع صیغہ متعلق سے بقید تاریخ ادائگی رقم بجلی گھر کو دیدینا ضروری ہے تاکہ آیندہ تیاری بل کے وقت بجلی گھر رقم ادا شدہ درج بل کرے۔ نیز جو بل بجلی گھر سے جس صیغہ مین وصول ہو اُس بل کی صحت وہ صیغہ بجائے خود کر لیا کرے اُسوقت ادائگی بل کی کارروائی کیا کرے۔ سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل حکم ہذا مع نقل عرضداشت جملہ سکریٹری صاحبان بہادر۔ صاحب بریگیڈ کمانڈر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس ارسال ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

قوت برقی کے جو ماہواری بل دفتر روشنی برقی سے تیار کئے جاتے ہین ان مین بقایا گزشتہ کا اندراج نہین ہوتا تھا اور بل کے نمونہ (فارم) مین بقایا کا کوئی خانہ بھی نہ تھا اسپر خیرخواہ نے نمونہ بل کا تبدیل کرایا اور ہدایت کی کہ بلون مین رقم بقایا درج ہوا کرے۔ لیکن دریافت سے معلوم ہوا کہ پرایویٹ کنزیومرس کے بلون مین تو بقایا درج کیجاتی ہے مگر سرکاری عمارت وغیرہ کے بلون مین بقایا کا اندراج اب بھی نہین کیا جاتا بلکہ اُس بقایا کے خانہ کے محاذ مین ------ کی عبارت لکھی جاتی ہے۔ خیرخواہ کے دریافت کرنے پر انجنیر صاحب روشنی برقی نے جواب دیا کہ بعض اوقات بعد تیاری بل رقم داخل خزانہ ہو جاتی ہے اور بعض اوقات داخلہ رقم کی اطلاع بجلی گھر مین نہین آتی ہے۔ لہذا بلون مین رقم بقایا درج ہونیکی صورت مین بعض اوقات صیغہ آڈٹ سے اس قسم کے اعتراض کئے جاتے ہین کہ بجلی گھر سے دوبارہ مطالبہ کیا جاتا ہے۔ بدانست خیرخواہ یہ عذرات عدم تکمیل [illegible] کافی نہین ہین۔ تیاری بل کے وقت جو مطالبہ رجسٹری بجلی گھر کی رو سے بذریعہ بل (باقیدار) نکلتا ہو وہ سب درج ہونا چاہئے۔ صیغہ متعلق کا فرض ہے کہ اگر کوئی جزو اس بل کا ادا کر دیا ہو تو اسکی صحت کرالے یا آڈٹ نوٹ کردیا کرے۔ محض اعتراض آڈٹ سے بچنے کے لئے بل مین رقم واجبی کا اندراج نہ کرنا درست نہیں اور اس قسم کے عمل کا نتیجہ تھا کہ خیرخواہ کے زیر چارج آنے کے وقت بجلی گھر کی بہت سی بقایا

لوگوں کے ذمہ کسی کسی ماہ کے بل میں بقایا کا اندراج بھی نہ ہوتا تھا اور اکثر قید
کسی ایک ماہ کے بل کی رقم داخل کرنے کے بعد اس سے پہلی بقایا کو دانستہ یا غیر دانستہ
فراموش کردیتے تھے - اور حساب میں پیچیدگیاں واقع ہوتی ہیں اور تقاضا وصول
کے وقت حساب فہمی کے عذرات اٹھائے جاتے تھے - اور بوجوہات بالا تریخواہ کے
نزدیک سرکاری صیغہ جات کے بل میں بھی وہی عمل جاری رہنا ضروری ہے جو غیر سرکاری
اشخاص کے ساتھ میں کیا جاتا ہے - چنانچہ اسکی نسبت انجنیر صاحب روشنی برقی کو ہدایت
کیجائیگی - بذریعہ عرضداشت ہذا گزارش ہے کہ اجلاس اعلےٰ سے بشرط مناسب
اس قسم کی ہدایت کا اجرا فرمایا جائے کہ جو بل صیغہ روشنی برقی سے وصول ہوا کرتے
اُنکی صحت کا خود اطمینان کیا کریں - اور ادائگی بل یا مجرائی بل کی اطلاع صیغہ روشنی برقی کو
دیدیا کریں — مالادب

سکرٹری ... اجلاس ... ۲۸ ... ۱۹۲۶ء

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۵ر اگست ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس دربارہ عطائے انعام بصلہ
برآمدگی و توقعہ محافظ خانہ صدر بہ سعادت علیخان سب انسپکٹر -

حکم

سب انسپکٹر کی کارروائی پسندیدہ ہے حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس
بصلہ برآمدگی و توقعہ محافظ خانہ صدر مبلغ تیس روپیہ بطور انعام پولیس ریوارڈ فنڈ سے
سعادت علیخان سب انسپکٹر کو دیا جانا منظور ہے - کارروائی درج اعمالنامہ کیا جائے
سررشتہ صدر سے ایک نقل بغرض اطلاع صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس
ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو مرسل ہو - اصل کاغذات صاحب سپرنٹنڈنٹ
پولیس کے پاس مرسل ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۹ر اگست ۱۹۲۶ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے - اس معاملہ کی ابتدا جمال خان کی عرضی مورخہ ۲ر جولائی ۱۹۲۶ء سے
ہوئی جسمیں اُسنے محمد افضان وغیرہ کی بد چلنی کی شکایت کی ہے - معصوم شاہ جسپر
قانونگوے بلاسپور کا ذکر نہیں - پولیس بلاسپور نے عرضی گزار کا بیان لیا انہیں بھی
قانونگوے کا ذکر نہیں لیکن بعد ختم بیان عرضی گزار دو بیانات دیگر اشخاص دو دیگر
روشنائی سے لکھے (اس گروہ کے سرغنہ معصوم شاہ ہیں) فقرہ بڑھایا گیا جو
صاف بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے - نیز جس سے جمال خان عرضی گزار کو اپنے بیان
۲۶ر جولائی میں قطعاً انکار ہے اور بلکہ قانونگوے کی شکایت سے بھی احتراز ہے
لیکن سب انسپکٹر انچارج اور ہیڈ کانسٹبل تحقیقات کنندہ نے چند رپوٹوں میں اس
فقرہ کو واضح طور سے لکھا ہے - اسکے علاوہ بھی ان کاغذات میں چند ایسے امور
ہیں جن سے پولیس کی غلط کارروائی اور بدنیتی پر کافی روشنی پڑتی ہے جنکو بخیال
طوالت ہم نظر انداز کرتے ہیں - پولیس متعلقہ کی ایسی کارروائیوں پر ہم افسوس
کے ساتھ اس اظہار پر مجبور ہیں کہ وہ اپنے آپکو علاوہ الزام بدنیتی اور غلط کارروائی
کے مالیات ریاست کی ضرررسانی کے الزام کو بھی رفع نہیں کرسکتا جو ہر ملازم
کے لئے بدترین افعال میں سے ہے - اس قسم کا پہلا قصور ہونیکی وجہ سے صرف
اسپر اکتفا نہیں کیا جاتا ہے کہ احمد حسین خان سب انسپکٹر انچارج تھانہ بلاسپور پر
پچیس روپیہ جرمانہ کیا جائے اور تھانہ بلاسپور سے سب انسپکٹر دوم ہوکر
کوتوالی تعینات ہو - انچارجی شکست کیجائے - اور فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل
تحقیقات کنندہ کا ایک درجہ تنزل کیا جائے - اور بجائے احمد حسین خان
شمس الدین خان سب انسپکٹر دوم کوتوالی سے بکار انچارجی تھانہ بلاسپور تبدیل ہو
اُنکو چاہیے کہ نہایت دیانتداری اور محنت سے کار متعلقہ انجام دے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل بغرض اطلاع صاحب
ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو - ایک نقل
صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہوکر لکھا جائے کہ وہ پولیس کے ذمہ دار
افسروں ایسی کارروائیوں سے سبق حاصل کریں - اور پولیس کا مناسب
انتظام کریں اور اپنی غفلت کو دور کریں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتدائے ۳ اگست لغایت ۹ اگست ۱۹۲۷ء

تاریخ دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۳ اگست ۲۷ء یوم چہارشنبہ	۱۸½	۲۱۱	۱۳	۲۰۸	۲۶	۲۵۵	۲۹	۲۴۹	۳۰	۲۶۲	۱۸	۲۳۱
۴ " " " پنجشنبہ	۱۵	۲۲۶	۷	۲۱۵	۲۹½	۲۸۴½	۰	۲۴۹	۴	۲۷۶	۱۷	۱۴۸
۵ " " " جمعہ	۰	۲۲۶	۲	۲۱۷	۷	۲۹۱½	۰	۲۴۹	۰	۲۷۶	۲	۲۵۰
۶ " " " شنبہ	۰	۲۲۶	۵	۲۲۲	۳	۲۹۴½	۰	۲۴۹	۰	۲۷۶	۰	۲۵۰
۷ " " " یکشنبہ	۲۲	۲۴۸	۱۷	۲۳۹	۵	۲۹۹½	۱۸	۲۶۷	۱۶	۲۹۲	۲	۲۵۲
۸ " " " دوشنبہ	۰	۲۴۸	۰	۲۳۹	۰	۲۹۹½	۰	۲۶۷	۰	۲۹۲	۰	۲۵۲
۹ " " " سہ شنبہ	۳۳	۲۸۱	۱۱	۲۵۰	۱۴	۳۱۳½	۱۹	۲۸۶	۲۱	۳۱۳	۲۲	۲۷۴

نقشہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ دوم من ابتدائے ۸ لغایت ۱۵ اگست ۱۹۲۷ء

نام جنس	منصور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۷۰۰ار	۸۰۰ار	۷۰۰ار	۷۰۰ار	۷۰۰ار	
نخود خالص	۷۰ار ۸۰۰ار	۸۰۰ار	۹ار	۸۰۰ار	۸۰۰ار	۸ار	
نخود گندم آمیز	۸۰۰ار	۱۵ار	۱۰۹ار	۹ار	۹ار	۹ار	
کنگ	۹ار	۰	۱۱۰ار	۹۰ار	۱۰۹ار	۱۰۹ار	
ماش	۷۰ار ۶ار	۶ار	۱۶ار	۱۰۵ار	۱۰۵ار	۱۰۵ار	
مونگ	۴۰ار	۰	۰	۰	۰	۵ار	
مکا	۹ار	۰	۱۰ار	۱۰ار	۱۱ار	۹ار	
جئی	۱۰ار	۰	۱۳ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۱ار	
گوجئی	۱۲ار	۰	۱۰ار	۱۰۹ار	۰	۱۰۹ار	
عدس	۱۰۶ار	۰	۱۰۷ار	۱۰۶ار	۱۰۶ار	۱۲ار	
ارہر	۱۲ار	۰	۱۰۶ار	۱۰۶	۶ار	۷ار	
برنج	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۵ار	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۲ار	[illegible]	[illegible]	۲ار	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۰۱ار	
روغن کنجد	۲ار	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۱ار	۱۰۳ار	۱۲ار	
نمک لاہوری	۶ار	۸ار	۶ار	۰	۰	۸ار	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	۷ار	۶ار	۱۰۷ار	۸ار	
باجرہ	۹ار	۰	۰	۰	۰	۹ار	